## سوال

(253) سجدے میں پڑکر آدمی اُردو ،پنجابی میں دعا کرے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا سجدے میں پڑکر آدمی اُردو ،پنجابی میں دعا کرے یا عربی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھی پڑھ سکتا ہے ، اور قرآنی دعائیں بھی پڑھ سکتا ہے ؟ (حامد رشید، لاہور)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سجدۂ نماز میں عربی کے علاوہ کسی بھی زبان میں دعاء بھی نہیں کرسکتا ۔ دُرود کا مقام نماز میں پہلا اور دوسرا قعدہ ہے ۔ سجدہ ورکوع میں قرآن پڑھنے کی ممانعت آئی ہے ۔

[خبردار میں رکوع اور سجدے میں قرآنِ حکیم پڑھنے سے روکا گیا ہوں ۔ پس تم رکوع میں اپنے رب کی عظمت بیان کرو اور سجدے میں خوب دعا مانگو، تمہاری دعا قبولیت کے لائق ہوگی ۔ ] ۲۹ ۴ ۱۴۲۴ھ

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04